[This question paper contains 2 printed pages.]

Sr. No. of Question Paper : 8260 **GC** **Your Roll No...............**

Unique Paper Code : 12141301

Name of the Paper : Study of Prose Writer Shibli

Name of the Course : **B.A. (H) URDU**

Semester : III

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 75

Instructions for Candidates

Write your Roll No. on the top immediately on the receipt of this question paper.

نوٹ:- صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

١- مندرجہ ذیل نثری اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجئے۔

(الف)

محاکات کے کمال کے لیے عام کائنات کی ہر قسم کی چیزوں کا مطالعہ کرنا ضروری ہے۔ شاعر کبھی لڑائیوں اور معرکوں کا حال لکھتا ہے کبھی قوموں کے اخلاق وعادات کی تصویر کھینچتا ہے، کبھی جذباتِ انسانی کا عالم دکھاتا ہے، کبھی شاہی دربانوں کا جاہ وحشم بیان کرتا ہے، کبھی ٹوٹے پھوٹے جھونپڑوں کی سیر کراتا ہے اس حالت میں اگر اس نے عالم کائنات کا مشاہدہ نہ کیا ہو اور ایک ایک چیز کی خصوصیات اور قابل انتخاب باتوں کو وقت آفرینی سے نہ دیکھا ہو تو وہ ان مرحلوں کو کیونکر طے کرسکتا ہے۔ شیکسپیئر تمام دنیا کا سب سے بڑا شاعر مانا جاتا ہے اس کی وجہ یہی ہے کہ اس نے ہر درجہ اور ہر طبقہ کے لوگوں کے اخلاق وعادات کی تصویر کھینچی ہے، اور اس طرح کھینچی ہے کہ اس سے بڑھ کر ممکن نہیں۔

(ب)

اردو شاعری کی اصلی بنیاد غزل کی زمین پر قائم ہوئی، اردو اقسامِ سخن میں سے اسی کو سب سے زیادہ فروغ ہوا۔ عام مرثیہ گویوں نے اپنے مضمون کی نوعیت کے لحاظ سے مسدس کا طریقہ اختیار کیا، لیکن غزل کی لے اس قدر کانوں میں رچ چکی تھی کہ ان لوگوں کو بھی اس انداز میں کچھ نہ کچھ کہنا ہی پڑتا تھا، اس بنا پر انہوں نے غزل کی طرز پر سلام ایجاد کیا۔ سلام کی بحریں وہی غزل کی ہوتی ہیں۔ غزل کی طرح، مضمون کے لحاظ سے ہر شعر الگ الگ ہوتا ہے سلام کی خوبی یہ ہے کہ طرح شگفتہ اور نئی بندش سادہ اور صاف مضمون دردانگیز اور پُرتاثیر ہو۔

P.T.O.

۲- شبلی کی سوانح اور شخصیت کا جائزہ لیجئے۔

۳- شبلی کی تنقیدی بصیرت پر روشنی ڈالیے۔

۴- شعرالعجم کی تنقیدی اہمیت پر مضمون لکھئے۔

۵- شبلی کے نزدیک محاکات کی تکمیل کن کن چیزوں سے ہوتی ہے؟ بیان کیجئے۔

۶- میرانیس کی شاعری کی خصوصیات تحریر کیجئے۔

۷- شبلی کی نثر نگاری پر نوٹ لکھئے۔

۸- شبلی کی سوانح نگاری پر تبصرہ کیجئے۔

۹- شبلی کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔